

# ۱۰۰
# منتخب مسنون دعائیں

مؤلف: مولوی محمد سلمان السعودی

# ۱۰۰

# منتخب مسنون دعائیں

مؤلف: مولوی محمد سلمان السعودی

بنگلور : +917348903268

# فہرستِ مضامین


| | صفحہ نمبر | | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| صبح اور شام کی دعائیں Text | 1 | مسافر بسم اللہ پڑھے | 5 |
| سورج طلوع ہونے کے بعد کی دعاء | 1 | سفر سے واپسی کی دعائیں | 6 |
| صبح میں پڑھیں | 2 | سفر سے واپس جب گھر میں داخل ہو | 6 |
| شام میں پڑھیں | [redacted] | اذان کی دعائیں | 6 |
| گھر سے نکلنے کی دعاء | [redacted] | اذان اور اقامت کے درمیان کی دعاء | 7 |
| گھر میں داخل ہونے کی دعاء | 3 | مسجد کو جانے والا یہ دعاء پڑھے | 8 |
| سفر کی دعائیں | 4 | مسجد میں داخل ہونے سے پہلے پڑھیں | 8 |
| کسی کو رخصت کرنے کی دعاء | 4 | مسجد سے نکلنے کی دعائیں | 9 |
| رخصت ہونے والا یہ دعاء دے | 4 | وضو کی دعائیں | 10 |

# فہرستِ مضامین


| | | صفحہ نمبر | | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|---|
| ◆ | وضو کے درمیان میں پڑھیں | 11 | نمازِ جنازہ کی دعائیں | 17 |
| ◆ | وضو کے بعد پڑھیں | 11 | کسی مسلمان کی موت کی خبر... | 18 |
| ◆ | نماز سے متعلق دعائیں | 12 | کسی مصیبت پر پڑھنے کی دعاء | 18 |
| ◆ | رکوع سے اٹھنے کے بعد | 12 | جنازہ دیکھنے پر پڑھنے کی دعاء | 19 |
| ◆ | دو سجدوں کے درمیان پڑھیں | 12 | مٹی ڈالتے وقت کی دعاء | 19 |
| ◆ | قعدہ اخیرہ میں درود کے بعد | 13 | دفن سے فارغ ہونے کے بعد... | 20 |
| ◆ | سجدہ تلاوت کی دعاء | 14 | قبرستان جانے پر پڑھنے کی دعاء | 20 |
| ◆ | سلام پھیرنے کے بعد کی دعائیں | 15 | عیادتِ مریض کے وقت ... | 21 |
| ◆ | قنوت نازلہ | 16 | بیماری یا تکلیف کے وقت... | 21 |

# فہرست مضامین


| | صفحہ نمبر |
|---|---|
| بخار کی حالت میں پڑھیں | 22 |
| جب کوئی درد محسوس ہو... | 22 |
| جسم میں کوئی زخم یا پھوڑا | 23 |
| زندگی گزارنا دشوار ہو... | 23 |
| موت کے وقت کی دعائیں | 24 |
| دشمن سے خوف ہو... | 24 |
| دشمن سے مقابلہ کے وقت | 25 |
| نیۓ چاند کی دعائیں | 26 |
| رجب اور شعبان کا چاند... | 26 |
| چاند پر نظر پڑے... | 27 |
| جب بارش ہو | 27 |
| تیز ہوا اور بجلی کے وقت | 27 |
| بادل گرجنے کی آواز سنو... | 28 |
| کھانے پینے سے متعلق... | 29 |
| جب کھانا حاضر ہو تو پڑھیں | 28 |
| کھانا شروع کرنے سے پہلے پڑھیں | 29 |
| اگر کھانے کی دعا پڑھنا بھول گئے... | 29 |
| کھانے کے بعد کی دعائیں | 30 |
| مہمان کے یہاں کھائیں تو... | 31 |
| بیمار کے ساتھ کھاتے وقت | 31 |
| پانی پینے کی دعاء | 32 |
| دودھ پینے کی دعاء | 32 |
| آب زمزم پیتے وقت کی دعاء | 32 |
| نیا پھل کھانے کی دعاء | 33 |
| روزہ کھولنے کی دعاء | 33 |
| کپڑے پہننے کی دعائیں | 34 |
| نیا کپڑا پہننے کی دعاء | 34 |

# فہرست مضامین


| | | صفحہ نمبر | | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|---|
| ◆ | کپڑے اتارنے پر پڑھیں | 35 | سونے سے متعلق دعائیں | 39 |
| ◆ | آئنہ میں دیکھنے کی دعاء | 35 | نیند سے بیدار ہونے پر پڑھیں | 40 |
| ◆ | نکاح کے بعد دلہا دلہن کو دعاء... | 35 | درود شریف | 40 |
| ◆ | خیر کی خبر سننے اور بری خبر سے... | 36 | سید الاستغفار | 41 |
| ◆ | بیت الخلاء میں داخل ہونے پر... | 36 | شیطان کے حملہ سے بچنے کی دعاء | 41 |
| ◆ | بیت الخلاء سے باہر نکلنے کی دعائیں | 37 | جامع ترین دعاء | 42 |
| ◆ | مجلس سے اٹھتے وقت کی دعاء | 37 | | |
| ◆ | ہر مشکل معاملہ کی دعاء | 38 | | |
| ◆ | کس بھی مریض کو دیکھیں تو یہ پڑھیں | 38 | | |
| ◆ | جب بازار میں جائیں تو پڑھیں | 38 | | |

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد لله رب العالمین والصلاة والسلام علی رسوله الکریم اما بعد.
فاعوذ بالله من الشیطان الرجیم بسم الله الرحمن الرحیم

# { وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُونِي أَسْتَجِبْ لَكُمْ }

اس آیت مبارکہ میں اللہ تعالی اپنے بندوں کو اس سے مانگنے کا حکم فرما رہا ہے اور پھر قبول کرنے کا وعدہ بھی فرما رہا ہے یہ اس کا اپنے بندوں پر احسان نہیں ہے تو کیا ہے لھاذا ہم بندوں کو اس سے مانگ نے میں لاپروائی اور کوتاہی نہیں برتنی چاہیئے ایک جگہ آپ کا ارشاد ہے مَنْ لَمْ يَسْأَلِ اللهَ يَغْضَبْ عَلَيْهِ جس نے اللہ سے سوال نہیں کیا یعنی کچھ مانگا نہیں تو اللہ اسے ناراض ہوجاتا ہے قربان جائیں اس پر کہ وہ ہم کو اپنے حبیب کے ذریعہ مانگنے کا طریقہ بھی سکھا دیا جس کو دعاء کہتے ہیں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے امت کو اس کی فضیلت بھی بتا دی بلکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا. الدُّعَاءُ هُوَ الْعِبَادَةُ. دعا ہی عبادت ہے بس ہم کو سیکھنے کی توفیق ملنی ہے اس کتاب میں اختصار کے ساتھ چند مفید دعاؤں کو جمع کیا گیا ہے اس میں صبح کی دعاؤں سے لے کر رات کو سونے تک کی دعائیں ترجمہ کے ساتھ مرتب ہیں بعض دعائیں جو معروف نہیں مثلا نیند سے بیدار ہونے کے بعد کی دعا: "الحَمْدُ لِلهِ الَّذِي عَافَانِي فِي جَسَدِي، وَرَدَّ عَلَيَّ رُوحِي، وَأَذِنَ لِي بِذِكْرِهِ". یہ دعا غیر معروف ہے بہت کم لوگوں کو یاد ہے حالانکہ یہ دعا بھی حدیث سے ثابت ہے حدیث کی مشہور کتاب ترمذی شریف میں یہ دعا حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے بندے کی خواہش ہے کہ ایسی دعائیں بھی یاد ہو جائیں



# صبح اور شام کی دعائیں

١ بِسْمِ اللَّهِ الَّذِي لاَ يَضُرُّ مَعَ اسْمِهِ شَيْءٌ فِي الْأَرْضِ وَلاَ فِي السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ٣

سنن الترمذي

❖ ترجمہ: اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جس کے نام کے ساتھ کوئی چیز زمین و آسمان میں نقصان نہیں پہنچا سکتی اور وہ سننے والا اور جاننے والا ہے

٢ (أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللَّهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ)

❖ ترجمہ: میں اللہ تعالیٰ کے کلمات تامہ کی پناہ لیتا ہوں اس کی ساری مخلوق کے شر سے

سنن الترمذي

## سورج طلوع ہونے کے وقت پڑھیں



٣ (الحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي اَقَالَنَا يَوْمَنَا هَذَا وَلَمْ يُهْلِكْنَا بِذُنُوبِنَا)

حصن حصين

❖ ترجمہ: سب تعریفیں اس اللہ کیلئے ہیں جس نے ہمیں یہ آج کا دن دکھایا اور ہمارے (کل کے) گناہوں کے سبب ہمیں ہلاک نہ کرڈالا

## صبح میں پڑھیں

۴(اللّٰهُمَّ بِكَ أَصْبَحْنَا وَبِكَ أَمْسَيْنَا، وَبِكَ نَحْيَا وَبِكَ نَمُوتُ، وَإِلَيْكَ النُّشُوْرُ) «سنن الترمذي»

ترجمہ: اے اللہ! تیری ہی حفاظت میں ہم نے صبح کی اور تیری ہی حفاظت میں شام کی اور تیرے ہی نام پر ہم زندہ ہوتے ہیں اور تیرے ہی نام پر مرتے ہیں اور تیرے ہی طرف لوٹنا ہے

## شام میں پڑھیں

۵(اللّٰهُمَّ بِكَ أَمْسَينا وَبِكَ أَصْبَحْنا، وَبِكَ نَحْيَا وَبِكَ نَمُوتُ، وَإِلَيْكَ الْمَصِيرُ) «سنن الترمذي»

ترجمہ: اے اللہ! تیری ہی حفاظت میں ہم نے شام کی اور تیرے ہی حفاظت میں صبح کی اور تیرے ہی نام پر ہم زندہ ہوتے ہیں اور تیرے ہی نام پر مرتے ہیں اور تیرے ہی طرف اٹھ کر جانا ہے

## گھر سے نکلنے کی دعائیں

٦(بِسْمِ اللَّهِ، لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللَّهِ التُّكْلَانُ عَلَى اللَّهِ»

سنن ابن ماجة

ترجمہ: اللہ کے نام سے (نکل رہا ہوں) گناہوں سے بچنے اور نیکی کرنے کی طاقت اللہ تعالی کی مدد وقوت کے بغیر ممکن نہیں اللہ ہی پر بھروسہ ہے

٧(اللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ أَنْ أَضِلَّ أَوْ أُضَلَّ أَوْ أَزِلَّ أَوْ أُزَلَّ أَوْ أَظْلِمَ أَوْ أُظْلَمَ أَوْ أَجْهَلَ أَوْ يُجْهَلَ عَلَيَّ)

سنن ابن ماجة

ترجمہ: اے اللہ! میں اس بات سے تیری پناہ مانگتا ہوں کہ میں گمراہ ہوں یا گمراہ کیا جاؤں میں پھسل جاوں یا مجھے پھسلا دیا جائے میں ظلم کروں یا مجھ پر ظلم کیا جائے یا میں جہالت میں مبتلا ہوں یا مجھے جہالت میں مبتلا کیا جائے

## گھر میں داخل ہونے کی دعاء

٨(اللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ خَيْرَ الْمَوْلَجِ، وَخَيْرَ الْمَخْرَجِ، بِاسْمِ اللَّهِ وَلَجْنَا، وَبِاسْمِ اللَّهِ خَرَجْنَا، وَعَلَى اللَّهِ رَبِّنَا تَوَكَّلْنَا)

سنن ابی داود

ترجمہ: اے اللہ! میں تجھ سے گھر کے اندر آنے اور گھر سے باہر جانے کی خیر و برکت کا سوال کرتا ہوں ہم اللہ کے نام کے ساتھ ہی گھر میں آتے ہیں اور اللہ کے نام کے ساتھ ہی گھر سے جاتے ہیں اور اپنے پروردگار اللہ جل شانہ پر ہی ہمارا بھروسہ ہے

# سفر کی دعائیں

## کسی کو رخصت کرنے کی دعاء

٩(أَسْتَوْدِعُ اللَّهَ دِينَكَ وَأَمَانَتَكَ وَخَوَاتِيمَ عَمَلِكَ»)»

سنن الترمذي

ترجمہ: میں آپ کے دین اور آپ کی امانت اور آپ کے کاموں کے انجام کو اللہ کے حوالے کرتا ہوں

## رخصت ہونے والا یہ دعا دے

١٠ (أَسْتَوْدِعُكُمُ اللَّهَ الَّذِي لَا يُضِيعُ وَدَائِعُهُ)

الدعاء للطبراني

ترجمہ: میں آپ کو اس اللہ کے حوالہ کرتا ہوں کہ جس کے حوالہ کی جانے والی چیز ضائع نہیں ہوتیں



مسافر بسم اللہ پڑھ کر سواری پر سوار ہوجائے پھر ان دعاؤں کو پڑھے

١١(سُبْحَانَ الَّذِي سَخَّرَ لَنَا هَذَا وَمَا كُنَّا لَهُ مُقْرِنِينَ وَإِنَّا
إِلَى رَبِّنَا لَمُنقَلِبُونَ)　　صحیح مسلم

ترجمہ:پاک ہے وہ ذات جس نے تابع کردیا ہمارے لئے اس کو اور نہیں تھی ہم کو اس کی طاقت اور بیشک ہم اپنے رب کی طرف یقیناً لوٹ کر جانے والے ہیں

١٢(اللّٰهُمَّ إِنَّا نَسْأَلُكَ فِي سَفَرِنَا هَذَا الْبِرَّ وَالتَّقْوَى وَمِنْ
الْعَمَلِ مَا تَرْضَى اللَّهُمَّ هَوِّنْ عَلَيْنَا سَفَرَنَا هَذَا وَاطْوِ عَنَّا
بُعْدَهُ اللَّهُمَّ أَنْتَ الصَّاحِبُ فِي السَّفَرِ وَالْخَلِيفَةُ فِي الْأَهْلِ
اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ وَعْثَاءِ السَّفَرِ وَكَآبَةِ الْمَنْظَرْ
وَسُوءِ الْمُنْقَلَبِ فِي الْأَهْلِ وَالْمَالِ وَالْوَلَدِ)　　صحیح مسلم

ترجمہ:اے اللہ ! ہم تجھ سے اپنے اس سفر میں نیکی کی اور پرہیزگاری کی اور جو عمل تجھے پسند ہواس کی درخواست کرتے ہیں اے اللہ تو ہمارا یہ سفر ہم پر آسان کردے اور اس کی مسافت کو طے کردے اے اللہ تو ہی سفر میں ہمارا رفیق اور گھربار میں ہمارا قائم مقام ہے تو ہماری اور ہمارے گھربار کی حفاظت کر اے اللہ میں تجھ سے سفر کی سختیوں سے اور سفر میں کسی تکلیف دہ منظر سے اور بیوی بچوں اور مال و منال میں تکلیف دہ واپسی سے پناہ مانگتا ہوں

## سفر سے واپسی کی دعائیں

◆ ١٣ (آيبُونَ، تائِبُونَ، عَابِدُونَ، لِرَبِّنَا حَامِدُونَ)

سنن أبي داود

❖ ترجمہ: ہم لوٹنے والے ہیں توبہ کرنے والے ہیں عبادت کرنے والے ہیں اپنے رب کی تعریف کرنے والے ہیں

## ◆ سفر سے واپس ہوکر جب گھر میں داخل ہو تو یہ پڑھے

١٤ (تَوْبًا تَوباً، لِرَبِّنَا أَوْبًا ، لَا يُغَادِرُ عَلَيْنَا حَوْبًا ".)

الدعاء للطبرانی

❖ ترجمہ: بہت بہت توبہ کرتے ہیں ہم ، اپنے رب کی طرف رجوع کرتے ہیں کہ نہ چھوڑے ہم میں کوئی گناہ (سب کو معاف کردے)

## اذان کی دعائیں

## ◆ اذان کے بعد پڑھیں

١٥ (اللّٰهُمَّ رَبَّ هَذِهِ الدَّعْوَةِ التَّامَّةِ، وَالصَّلَاةِ الْقَائِمَةِ، آتِ مُحَمَّدان الْوَسِيلَةَ وَالْفَضِيلَةَ، وَابْعَثْهُ مقَامَاً مَحْمُودَان الَّذِي وَعَدْتَهُ، إِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيعَادَ)

حصن حصین

❖ اے اللہ : اس دعوتِ کامل اور کھڑی ہونے والی نماز کے مالک تو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو وسیلہ اور فضیلت عطا فرمادے اور ان کو اس مقامِ محمود پر پہنچادے جسکا تونے ان سے وعدہ فرمایا ہے بے شک تو اپنے وعدہ کے خلاف نہیں کرتا

## ◆ اذان اور اقامت کے درمیان یہ دعاء پڑھیں

١٦ اللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ الْعفْوَ وَالْعَافِيَةَ والمْعَافاتِ فِي الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ

حصن حصین

❖ ترجمہ: اے اللہ بیشک میں تجھ سے (ہر گناہ اور خطا سے) معافی اور ہر دکھ بیماری سے صحت و عافیت اور دنیا و آخرت میں (ہر بلا اور عذاب سے) حفاظت کا سوال کرتا ہوں

# مسجد میں داخل ہونے کی دعائیں

## مسجد کو جانے والا یہ دعاء پڑھے

١٧ (اللّٰهم اجْعَلْ فِي قَلْبي نُوْرَاً وفي لِسَانِي نُورَاً واجْعَلْ فِي سَمْعِي نُوْرَاً، وَاجْعَلْ فِي بَصَرِي نُوْرَاً، واجْعَلْ مِن خَلْفِي نُوْرَا، ومِنْ أمَامِي نُوْرًا، واجْعلْ مِن فَوْقِي نُوْراً، وَمنْ تَحْتي نُوْرَاً اللّٰهُمَّ أَعْطِنِي نُورًا» مسلم شریف

اے اللہ: تو میرے دل میں نور میری زبان میں نور پیدا کردے اور میرے کانوں میں نور اور نگاہ میں نور عطا فرما دے اور تو میرے پیچھے بھی نور میرے آگے بھی نور اور میرے اوپر بھی نور اور نیچے بھی نور (غرض ہر طرف نور ہی نور کردے) اے اللہ تو مجھے نور ہی نور عطا کردے

## مسجد میں داخل ہونے سے پہلے پڑھیں

١٨ (أَعُوذُ بِاللَّهِ العَظِيمِ، وَبِوَجْهِهِ الكَرِيمِ، وَسُلْطَانِهِ القَدِيمِ، مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ ) حصن حصین

❖ ترجمہ: میں عظمت و جلال کے مالک اللہ اور اس کی کریم ذات اور اس کی لازوال سلطنت کی پناہ لیتا ہوں مردود شیطان سے

١٩ ( بِسْمِ اللَّهِ، وَالصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ)

حصن حصین

❖ ترجمہ: اللہ کے نام کے ساتھ میں مسجد میں قدم رکھتا ہو اور درود و سلام ہو رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم پر

٢٠ (اللّٰهُمَّ افْتَحْ لِي أَبْوَابَ رَحْمَتِكَ وَسَهِّلْ لَنا أَبْوَابَ رِزْقِكَ )

تحفة الذاکرین

❖ ترجمہ: اے اللہ آپ اپنی رحمت کے دروازے میرے لیے کھول دیں اور اپنے رزق کے دروازے آسان کردیں



## مسجد سے نکلنے کی دعائیں

٢١ ( بِسْمِ اللَّهِ وَالصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ)

حصن حصین

ترجمہ: اللہ کے نام کے ساتھ نکلتا ہوں اور درود و سلام ہو..رسول اللہ صَلَّى اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ پر

✪ ۲۲ (اللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ،)

صحیح مسلم

❖ ترجمہ: اے اللہ میں تجھ سے تیرے فضل کا سؤال کرتا ہوں

✪ ۲۳ (اللّٰهُمَّ اعْصِمْنِي مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ)

❖ ترجمہ: اے اللہ تو مجھے م [redacted] سے بچا

حصن المسلم



## وُضو کی دعائیں

### ◆ وضو شروع کرنے کی دعاء

۲۴ ( بِسْمِ اللّٰهِ )

## ◆ وضو کے درمیان میں پڑھیں

٢٥«اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي ذَنْبِي، وَوَسِّعْ لِي فِي دَارِي، وَبَارِكْ لِي فِي رِزْقِي» سنن الكبرى للنسائي

❖ ترجمہ: اے اللہ میرے گناہ معاف فرما اور میرے گھر میں وسعت پیدا فرما اور میرے رزق میں برکت عطا فرما

## ◆ وضو کے بعد پڑھیں

✪ ٢٦(( أَشْهَدُ أَنْ لاَ إِلَهَ إِلاَّ اللَّهُ وَحْدَهُ لاَ شَرِيكَ لَهُ وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّداً عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ.. )) سنن الترمذي

❖ ترجمہ: میں گواہی دیتا ہوں اس بات کی کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ بیشک محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں

✪ ٢٧ (اللّٰهُمَّ اجْعَلْنِي مِنَ التَّوَّابِينَ وَاجْعَلْنِي مِنَ الْمُتَطَهِّرِينَ)

سنن الترمذي

❖ ترجمہ: اے اللہ مجھے خوب توبہ کرنے والوں میں سے اور خوب پاکی حاصل کرنے والوں میں سے بنا دیجئے



## نماز سے متعلق دعائیں

◆ رکوع سے اٹھنے کے بعد پڑھیں

٢٨ (رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ، حَمْداً كَثِيراً طَيِّباً مُبارَكاً فِيهِ)

موطأ مالک

❖ ترجمہ: اے ہمارے رب آپ ہی کے لئے تعریف ہے ایسی تعریف جو کثیر بھی ہے پاکیزہ بھی اور برکت والی بھی

◆ دو سجدوں کے درمیان پڑھیں

٢٩ (اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي، وَارْحَمْنِي، وَاهْدِنِي، وَاجْبُرْنِي، وَعَافِنِي، وَارْزُقْنِي، وَارْفَعْنِي)

حصن المسلم

◆ قعدہ اخیرہ میں درود شریف پڑھنے کے بعد پڑھیں

✪۳۰(اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي مَا قَدَّمْتُ، وَمَا أَخَّرْتُ، وَمَا أَسْرَرْتُ، وَمَا أَعْلَنْتُ، وَمَا أَسْرَفْتُ، وَمَا أَنْتَ أَعْلَمُ بِهِ مِنِّي. أَنْتَ الْمُقَدِّمُ، وَأَنْتَ الْمُؤَخِّرُ لاَ إِلَهَ إِلاَّ أَنْتَ) صحیح مسلم

❖ترجمہ:یا اللہ !معاف فرمادیجئے میرا ہر وہ گناہ جو میں نے پہلے کیا ہو یا بعد میں جو میں نے خفیہ طریقہ پر کیا ہو یا علانیہ اور میری ہر زیادتی کو اور ان گناہوں کو معاف فرما دیجیئے جن کا آپ کو مجھ سے زیادہ علم ہے آپ ہی آگے کرنے والے ہیں اور آپ ہی پیچھے کرنے والے آپ کے سوا کوئی معبود نہیں

نوٹ قعدہ آخیرہ میں کوئی ایک دعاء پڑھیں البتہ نفل نمازوں میں ان دو دعاوں کو پڑھیں

✪ ٣١ (اللّٰهُمَّ إِنِّي ظَلَمْتُ نَفْسِي ظُلْماً كَثِيراً ، وَلاَ يَغْفِرُ الذُّنوبَ إِلاَّ أَنْتَ، فَاغْفِرْ لِي مَغْفِرَةً مِنْ عِنْدِكَ وَارْحَمْنِي، إِنَّكَ أَنْتَ الغَفورُ الرَّحيمُ)

صحیح البخاری

❖ترجمہ: اے اللہ میں نے اپنی جان پر بہت ظلم کیا ہے اور آپ کے سوا گناہوں کو کوئی نہیں بخش سکتا لہٰذا آپ خاص اپنی طرف سے میری مغفرت فرما دے اور مجھ پر رحم کیجیے بے شک آپ ہی بہت بخشنے والے بڑے مہربان ہیں

## ◆ سجدۂ تلاوت کی دعاء

٣٢ (، سَجَدَ وَجْهِيَ لِلَّذِي خَلَقَهُ، وَصَوَّرَهُ، وَشَقَّ سَمْعَهُ.وَبَصَرَهُ، تَبَارَكَ اللَّهُ أَحْسنُ الْخَالِقِينَ)

میرا چہرہ اسی کے لئے جھکا جس نے پیدا کیا صورت بنایا کان اور آنکھ سے نوازا بابرکت ہے اللہ بہترین پیدا کرنے والا ہے

حصن المسلم

## سلام پھیرنے کے بعد کی دعائیں

✪۳۳(اللّٰهُمَّ أَنْتَ السَّلاَمُ، وَمِنْكَ السَّلاَمُ، تَبَارَكْتَ يَا ذَا الْجَلاَلِ وَالْإِكْرَامِ) صحیح مسلم

❖اے اللہ آپ (ہمیشہ) سلامت رہنے والے ہیں اور آپ ہی سے سلامتی ملتی ہے اور اے ذوالجلال والاکرام آپ بہت برکت والے ہیں

✪ ۳٤ «اللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْجُبْنِ، وَأَعُوذُ بِكَ مِنَ الْبُخْلِ ، وَأَعُوذُ بِكَ أَنْ أُرَدَّ إِلَى أَرْذَلِ الْعُمُرِ، وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الدُّنْيَا، وَ عَذَابِ الْقَبْرِ» ترمذی

❖ترجمہ:اے اللہ! میں آپ کی پناہ مانگتا ہوں بزدلی سے اور میں آپ کی پناہ مانگتا ہوں بخل سے اور میں آپ کی پناہ مانگتا ہوں بدترین بڑھاپے کی عمر سے اور میں آپ کی پناہ مانگتا ہوں دنیا کے فتنے سے اور قبر کے عذاب سے

# قنوتِ نازلہ

🌪💥🔥💦🌪💥

(کسی عام مصیبت کے وقت پڑھیں امام کا جھری نمازوں میں پڑھنا بھی جائز ہے لیکن فجر کی نماز میں پڑھنا زیادہ مناسب ہے)

٣٥«اللّٰهُمَّ اهْدِنِي فِيمَنْ هَدَيْتَ،وَعَافِنِي فِيمَنْ عَافَيْتَ وَتَوَلَّنِي فِيمَنْ تَوَلَّيْتَ،، وَبَارِكْ لِي فِيمَا آتَيْتَ، وَقِنِي شَرَّ مَا قَضَيْتَ، إِنَّكَ تَقْضِي وَلَا يُقْضَى عَلَيْكَ، إِنَّهُ لَا يَذِلُّ مَنْ وَالَيْتَ وَلَا يَعِزُّ مَنْ عَادَيْتَ، تَبَارَكْتَ رَبَّنَا وَتَعَالَيْتَ» اللّٰهُمَّ اغْفِرْلَنَا وَلِلْمُؤْمِنِينَ ، وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِينَ وَالْمُسْلِمَاتِ ، وَأَلِّفْ بَيْنَ قُلُوبِهِمْ وَأَصْلِحْ ذَاتَ بَيْنِهِمْ ، وَانْصُرْهُمْ عَلَى عَدُوِّكَ وَعَدُوِّهِمْ ، اللَّهُمَّ الْعَنْ كَفَرَةَ أَهْلِ الْكِتَابِ الَّذِينَ يَصُدُّونَ عَنْ سَبِيلِكَ وَيُكَذِّبُونَ رُسُلَكَ ، وَيُقَاتِلُونَ أَوْلِيَاءَكِ ، اللَّهُمَّ خَالِفْ بَيْنَ كَلِمَتِهِمْ ، وَزَلْزِلْ أَقْدَامَهُمْ ، وَأَنْزِلْ بِهِمْ بَأْسَكَ الَّذِي لا تَرُدُّهُ عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِينَ

حصن حصین



# نمازِ جنازہ کی دعائیں

## ◆ نماز میں یہ دعاء پڑھیں

٣٦(اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِحَيِّنَا وَمَيِّتِنَا، وَشَاهِدِنَا وَغَائِبِنَا وَصَغِيرِنَا وَكَبِيرِنَا، وَذَكَرِنَا وَأُنْثَانَا اللّٰهُمَّ مَنْ أَحْيَيْتَهُ مِنَّا فَأَحْيِهِ عَلَى الْإِسْلَامِ، وَمَنْ تَوَفَّيْتَهُ مِنَّا فَتَوَفَّهُ عَلَى الْإِيمَان)

Text

جامع الترمذي

❖ترجمہ: اے اللہ ہمارے زندہ اور مردہ اور حاضر اور غائب اور چھوٹے اور بڑے اور مرد اور عورتیں سب کو بخش دے اے اللہ ہم میں سے جس کو تو زندہ رکھے اسے اسلام پر زندہ رکھ اور ہم میں سے جسے فوت کرے تو اسے ایمان پر فوت کر

نوٹ: نا بالغ بچوں اور بچیوں کی دعا کے لیے تعلیم اسلام دیکھیں

◆ جب کسی مسلمان کی موت کی خبر سنو تو یہ پڑھیں

٣٧(اللّٰهُمَّ لَا تَحْرِمْنَا أَجْرَهُ، وَلَا تُضِلَّنَا بَعْدَهُ»

پر نور دعائیں

❖ترجمہ: یا اللہ! اس کے اجر سے ہمیں محروم نہ فرمایئے
اور ان کے بعد ہمیں گمراہ نہ کیجئے

◆ کسی مصیبت پر مثلاً کوئی رشتہ دار فوت ہوجائے تو پڑھیں

٣٨(إِنَّا لِلَّهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ، اللَّهُمَّ أْجُرْنِي
فِي مُصِيبَتِي، وَأَخْلِفْ لِي خَيْرَاً )

پر نور دعائیں

❖ترجمہ: اے اللہ! مجھے میری مصیبت میں اجر عطا فرما اور مجھے
اس کے بدلہ کوئی بہتر چیز عطا فرما

## ◆ جب جنازہ دیکھیں تو یہ پڑھیں

۳۹«هَذَا مَا وَعَدَنَا اللَّهُ وَرَسُولُهُ وَصَدَقَ اللَّهُ وَرَسُولُهُ، اللَّهُمَّ زِدْنَا إِيمَانًا وَتَسْلِيمًا»
الدعاء للطبراني

❖ترجمہ: یہ وہ ہے جسکا خدا اور رسول نے وعدہ کیا اے اللہ ایمان و تسلیم میں زیادتی فرمائے

## ◆ مٹی ڈالتے وقت اس دعاء کو پڑھیں

٤٠(مِنْها خَلَقْناكُمْ وَفِيها نُعِيدُكُمْ وَمِنْها نُخْرِجُكُمْ تارَةً أُخْرى)
أعمال قرآني

❖ترجمہ: اسے مٹی سے ہم نے تم کو پیدا کیا اور اسی میں ہم تم کو لوٹائیں گے اور اسی سے ہم تم کو دوبارہ نکالیں گے

## ◆ دفن سے فارغ ہونے کے بعد پڑھیں

٤١ «اللّٰهُمَّ عَبْدُكَ وَابْنُ عَبْدِكَ نَزَلَ بِكَ الْيَوْمَ وَأَنْتَ خَيْرُ مَنْزُولٍ بِهِ، اللَّهُمَّ وَسِّعْ لَهُ مُدْخَلَهُ، وَاغْفِرْ ذَنْبَهُ، فَإِنَّا لَا نَعْلَمُ إِلَّا خَيْرًا وَأَنْتَ أَعْلَمُ بِهِ» الدعاء المسنون

❖ترجمہ: اے اللہ ! یہ آپ کا بندہ ہے اور آپ کے بندے کا بیٹا ہے آج آپ کے پاس آیا ہے آپ ان میں بہتر ہیں جس کے پاس آیا جائے اے اللہ اس کی قبر کو کشادہ فرمائے اور اس کی مغفرت فرمائے ہم نہیں جانتے سوائے بھلائی کے آپ اس سے زیادہ واقف ہیں

## ◆ قبرستان جائے تو یہ پڑھیں



٤٢ «السَّلَامُ عَلَيْكُمْ دَارَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِينَ، وَإِنَّا إِنْ شَاءَ اللَّهُ بِكُمْ لَاحِقُونَ» سنن ابن ماجہ

❖ترجمہ: تم پر سلامتی ہو قومِ مومن کے گھر ہم بھی انشاء اللہ تمہارے پاس آنے والے ہیں

## مریض کی عیادت کے وقت کی دعائیں

### جب مریض کی عیادت کریں تو یہ پڑھیں

٤٣(لَا بَأْسَ طَهُورٌ إِنْ شَاءَ اللَّهُ)

صحیح بخاری

ترجمہ: کوئی حرج نہیں ان شاء اللہ پاکی ہے (آپ کے گناہوں کی پاکی)

٤٤(أَذْهِبِ الْبَأْسَ رَبَّ النَّاسِ، وَاشْفِ أَنْتَ الشَّافِي، لَا شِفَاءَ إِلَّا شِفَاؤُكَ شِفَاءً لَا يُغَادِرُ سَقَمًا )

صحیح مسلم

ترجمہ: اے تمام انسانوں کے پروردگار تکلیف دور فرما دیجئے اور شفا عطا فرما دیجئے آپ ہی شفا دینے والے ہیں آپ کے سوا کوئی شفا نہیں دے سکتا ایسی شفا دیجئے جو بیماری کا کوئی حصہ نہ چھوڑے

## بیماری یا کوئی درد و تکلیف پر پڑھی جانے والی دعائیں

◆ بخار کی حالت میں پڑھیں

٤٥ «بِسْمِ اللَّهِ الْكَبِيرِ، اَعُوذُ بِاللَّهِ الْعَظِيمِ، مِنْ شَرِّ حَرِّ النَّارِ، وَمِنْ شَرِّ كُلِّ عِرْقٍ نَعَّارٍ» سنن الترمذي

❖ اللہ کے نام سے جو بڑائی والا ہے میں عظمت والے اللہ کی پناہ مانگتا ہوں جوش مارتی ہوئی رگ کے شر سے اور آگ کی گرمی کے شر سے

◆ جب کوئی درد محسوس ہو تو اس کو سات مرتبہ پڑھیں

٤٦ أَعُوذُ بِعِزَّةِ اللَّهِ وَقُدْرَتِهِ مِنْ شَرِّ مَا أَجِدُ وَأُحَاذِرُ
مشكاة المصابيح

❖ ترجمہ: میں اللہ کی عزت وقدرت کی پناہ مانگتا ہوں اس درد کے شر سے جو میں محسوس کررہا ہوں اور جس سے مجھے خوف یا تکلیف ہے

# جسم میں کوئی زخم یا پھوڑا ہو تو پڑھیں 

٤٧«بِسْمِ اللَّهِ تُرْبَةُ أَرْضِنَا بَرِيقَةِ بَعْضِنَا

لِيُشْفىٰ سَقِيمُنَا بِإِذْنِ رَبِّنَا» مشكاة المصابيح

❖ اللہ کے نام کے ساتھ ہماری زمین کی مٹی ہم میں سے بعض آدمیوں کے لعاب کے ساتھ ملائی جارہی ہے تاکہ ہمارے رب کے حکم سے ہمارا بیمار شفا یاب ہوجائے

◆ کسی تکلیف یا بیماری کی وجہ سے زندگی گزارنا دشوار ہو تو پڑھیں

٤٨ اللّٰهُمَّ أَحْيِنِي مَا كَانَتِ الْحَيَاةُ خَيْرًا لِي،
وَتَوَفَّنِي إِذَا كَانَتِ الْوَفَاةُ خَيْرًا لِي " مسند أحمد بن حنبل

❖ ترجمہ: یا اللہ جب تک زندہ رہنا میرے لئے بہتر ہو مجھے زندہ رکھئے اور جب آپ کے علم کے مطابق مرنا میرے لئے بہتر ہو اس وقت مجھے وفات دیجئے



## موت کے وقت کی دعائیں

✪ ٤٩ (اللهُمَّ اَعِنّی عَلىٰ غَمَرَاتِ الْمَوْتِ وَسَكَرَاتِ الْمَوْتِ)

سنن الترمذي

❖ ترجمہ: یا اللہ مجھے موت کی سختیوں اور اس سے طاری ہونے والی بے ہوشیوں میں میری مدد فرما

✪ ٥٠ «اللَّهُمَّ اغْفِرْ لِي وَارْحَمْنِي وَاَلْحَقْنِي فِي الرَّفِيقِ الأعلى

روضة الصالحين

❖ ترجمہ: یا اللہ میری مغفرت فرما مجھ پر رحم فرما اور مجھے بلند مرتبہ ساتھی سے ملوادے



## کسی دشمن سے خوف کے وقت کی دعائیں

✪ ٥١ (اللّٰهُمَّ إنَّا نَجْعَلُكَ فِي نُحُورِهِم، وَنَعُوذُ بِكَ مِنْ شُرُورِهِمْ)

مسند أحمد بن حنبل

❖ترجمہ: اے اللہ! ہم آپ کو ان کے مقابلے میں رکھتے ہیں اور ان کے شر سے آپ کی پناہ مانگتے ہیں

۵۲ ( اللّٰهُمَّ اكْفِنِيهِمْ بِمَا شِئْتَ )

صحیح مسلم

❖ترجمہ: اے اللہ آپ ان کے مقابلہ میں میرے لئے کافی ہو جائے جیسا آپ چاہیں

## دشمن سے مقابلہ کے وقت پڑھیں

۵۳(اللّٰهُمَّ أَنْتَ عَضُدِي، وَأَنْتَ نَصِيرِي، بِكَ أَحُولُ وَبِكَ أَصُولُ، وَبِكَ أُقَاتِلُ)

سنن أبي داود

❖ترجمہ: اے اللہ تو ہی میرا (قوتِ) بازو ہے اور تو ہی میرا مددگار ہے میں تیری ہی مدد سے جنگ کرتا ہوں اور تیری ہی مدد سے حملہ کرتا ہوں اور تیری ہی مدد سے لڑتا ہوں

# نیۓ چاند کے وقت کی دعائیں

٥٤«اللّٰهُمَّ أَهِلَّهُ عَلَيْنَا بِالْيُمْنِ وَالْإِيمَانِ، وَالسَّلَامَةِ وَالْإِسْلَامِ، رَبِّي وَرَبُّكَ اللَّهُ»　جامع الترمذي

ترجمہ: اے اللہ! اس چاند کو ہم پر خیر وبرکت ایمان و اسلام و سلامتی کا باعث بنایۓ میرے اور تمہارے رب اللہ ہیں

٥٥ «اللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ هِلَالَ يُمْنٍ وَبَرَكَةٍ»

الدعاء للطبراني

ترجمہ: اے اللہ اسے خیر وبرکت کا چاند بنایۓ

## رجب اور شعبان کا چاند دیکھیں تو پڑھیں

٥٦«اللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِي رَجَبَ وَشَعْبَانَ، وَبَلِّغْنَا رَمَضَانَ»

ترجمہ: اے اللہ ہمیں رجب و شعبان میں برکت عطا فرمائے اور رمضان تک پہنچایۓ　الدعاء للطبراني

◆ جب چاند پر نظر پڑے تو یہ پڑھیں

٥٧[أَعُوذُ بِاللَّهِ من شَرِّ هَذَا الْغَاسِقِ إِذا وَقبَ]

❖ ترجمہ: اللہ کی پناہ مانگتا ہوں اندھیری رات کی برائی سے جب کہ وہ آجائے

مسند أحمد بن حنبل

🌨️🌧️⛈️ جب بارش ہو

٥٨ «اللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ صَيِّبًا هَنِيئًا»

سنن ابن ماجه

❖ ترجمہ: اے اللہ اسے بابرکت بارش بنا دیجئے

🌪️🌪️ تیز ہوا اور بجلی کے وقت پڑھیں

٥٩(اللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ مِنْ خَيرِمَا أُرْسِلَتْ بِهِ، وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا أُرْسِلَتْ بِهِ)

الدعاء المسنون

❖ترجمہ: اے اللہ جو ہوا بھیجی ہے اس کے خیر کا سوال کرتا ہوں اور اس کی برائی سے پناہ مانگتا ہوں

◆ جب بادل گرجے یا بجلی کی آواز سنے تو پڑھیں

٦٠(اللّٰهُمَّ لَا تَقْتُلنا بِغَضَبِك وَلَا تُهْلِكنَا بِعَذَابِك وَعَافِنَا قَبْلَ ذَلِك) مسند أحمد بن حنبل

❖ترجمہ: اے اللہ اپنے غضب سے ہمیں نہ ماریۓ اپنے عذاب سے ہمیں ہلاک نہ فرمائیے اس سے قبل ہمیں عافیت عطا فرمایۓ

## کھانے پینے سے متعلق دعائیں

◆ جب کھانا حاضر ہو تو یہ پڑھیں

٦١«اللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيمَا رَزَقْتَنَا، وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ، بِسْمِ اللّٰهِ» أسوة رسول الكرم

❖ترجمہ: اے اللہ آپ نے جو نوازا ہے اس میں برکت عطا فرمائے اور ہمیں جہنم سے بچائے اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں

◆ کھانا شروع کرنے سے پہلے پڑھیں

✪٦٢بِسْمِ اللهِ وَعَلى وَبَرَكَةِ الله».

الدعاء المسنون

❖ترجمہ: شروع ہے اللہ کے نام اور اس کی برکت سے

✪٦٣(اللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيهِ وَأَطْعِمْنَا خَيْرًا مِنْهُ،

❖ترجمہ: اے اللہ اس کھانے میں ہمارے لئے برکت عطا فرما اور اس سے بہتر کھانا عطا فرما

الدعاء المسنون

◆ اگر ان دعاؤں کو پڑھنا بھول گئے تو درمیان میں یہ پڑھیں

٦٤(بِسْمِ اللَّهِ أَوَّلَهُ وَآخِرَهُ)

❖ترجمہ: اللہ کا نام کھانے کے شروع میں اور آخر میں

جامع الترمذي

## ◆ کھانے کے بعد کی دعائیں

✪ ٦٥ (اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي أَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مُسْلِمِينَ)

سنن ابن ماجه

❖ ترجمہ: سب تعریفیں اس اللہ کے لئے ہیں جس نے ہمیں کھلایا پلایا اور مسلمان بنایا

✪ ٦٦ «اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي أَطْعَمَ وَ سَقٰى وَسَوَّغَهُ وَجَعَلَ لَهُ مَخْرَجاً »

سنن أبي داود

❖ ترجمہ: اللہ کا شکر ہے جس نے کھلایا پلایا حلق سے اترنا آسان کیا اور نکلنے کا راستہ بنایا

✪ ٦٧ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَاَرْوَانَا وَجَعَلَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ۔“

پرنور دعائیں

❖ اس خدا کا شکر ہے جس نے ہمیں کھانا کھلایا، سیراب اور شاداب کیا اور ہمیں مسلمان بنایا

## ◆ مہمان کے یہاں کھائیں تو ان دعاؤں کو پڑھیں

✪ ٦٨«اللَّهُمَّ أَطْعِمْ مَنْ أَطْعَمَنِي وَاسْقِ مَنْ سَقَانِي»

❖ ترجمہ: اے اللہ جس نے مجھے کھانا کھلایا آپ اس کو کھلائے اور جس نے مجھے سیراب کیا آپ اسے سیراب کیجیے

الدعاء المسنون

✪ ٦٩(أَفْطَرَ عِنْدَكُمُ الصَّائِمُونَ، وَأَكَلَ طَعَامَكُمُ الْأَبْرَارُ، وَصَلَّتْ عَلَيْكُمُ الْمَلائِكَةُ)

❖ ترجمہ : اللہ کرے کہ تمہارا کھانا نیک لوگ کھائیں فرشتے تمہارے لیے رحمت کی دعائیں کریں اور روزہ دار تمہارے یہاں افطار کریں

الدعاء المسنون

## ◆ کسی بیمار کے ساتھ کھاتے وقت

٧٠(بِسْمِ اللهِ، ثِقَةً بِاللهِ، وَتَوَكُّلًا عَلَيْهِ)

❖ ترجمہ: اللہ کے نام سے اس پر بھروسہ اور اعتماد کرتے ہوئے

الدعاء المسنون



## پانی پینے کی دعاء

۷۱«الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي سَقَانَا عَذْبًا فُرَاتًا بِرَحْمَتِهِ، وَلَمْ يَجْعَلْهُ مِلْحًا أُجَاجًا بِذُنُوبِنَا» الدعاء المسنون

❖ترجمہ: تمام تعریفیں اس اللہ کے لئے ہیں جس نے اپنی رحمت سے ہمیں میٹھا پانی پلایا اور ہمارے گناہوں کی وجہ سے اس پانی کو نمکین اور کھارا نہیں بنایا



## دودھ پینے کی دعاء

۷۲(اَللّٰھُمَّ بَارِکْ لَنَا فِیْہِ وَزِدْنَا مِنْہُ ) سنن أبي داود

❖ترجمہ: ''اے اللہ !ہمارے لئے اس میں برکت دے اور ہمیں مزید عطا فرما۔''

## ◆ آب زمزم پیتے وقت یہ دعاء پڑھیں

۷۳اَللّٰھُمَّ إِنِّیْ أَسْئَلُکَ عِلْمًا نَافِعًا وَّ رِزْقًا وَّاسِعًا وَشِفَاءً مِّنْ کُلِّ دَاءٍ

❖ترجمہ: یا اللہ میں آپ سے نفع دینے والے علم کا اور فراخ روزی کا اور ہر بیماری سے شفا کا سوال کرتا ہوں سنن دار قطنی

## نیا پھل کھانے کی دعاء

٧٤(اَللّٰھُمَّ بَارِکْ لَنَا فِیْ ثَمَرِنَا وَبَارِکَ لَنَا فِیْ مَدِیْنَتِنَا وَبَارِکْ لَنَا فِیْ صَاعِنَا وَبَارِکْ لَنَا فِیْ مُدِّنَا)

موطأ مالک

❖ترجمہ:اے اللہ، ہمارے پھلوں میں برکت دے اور ہمیں ہمارے شہر میں برکت دے اور غلہ ناپنے کے پیمانوں میں برکت دے۔

## روزہ کھولنے کی دعائیں

✪ ٧٥( اللّٰھُمَّ لَکَ صُمْتُ وَعَلَی رِزْقِکَ أَفْطَرْتُ)

❖(ترجمہ) اے اللہ میں نے تیرے ہی لئے روزہ رکھا اور تیرے ہی دیئے ہوئے رزق سے افطار کیا۔

شعب الإيمان

✪ ٧٦«ذَهَبَ الظَّمَأُ، وَابْتَلَّتِ الْعُرُوقُ وَثَبَتَ الْأَجْرُ إِنْ شَاءَ اللهُ»

❖ترجمہ:پیاس ختم ہوگئی،رگیں تر ہوگئیں اور اِن شاء اللہ اَجر ثابت ہوگیا

سنن أبي داود



# کپڑے پہننے کی دعائیں

٨٧ (الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي كَسَانِي هَذَا وَرَزَقَنِيهِ مِنْ غَيْرِ حَوْلٍ مِنِّي وَلَا قُوَّةٍ) سنن الدارمي

ترجمہ: تمام تعریفیں اس ذات گرامی کے جس نے مجھے یہ کپڑا پہنایا اوربغیر میری قوت و طاقت کے مجھے نوازا

## نیا کپڑا پہننے کی دعاء

٧٨«الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي كَسَانِي مَا أُوَارِي بِهِ عَوْرَتِي وَأَتَجَمَّلُ بِهِ فِي حَيَاتِي» سنن ابن ماجه

ترجمہ: تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جنھوں نے مجھے کپڑا پہنایا اس سے میں اپنے ستر کو چھپاتا ہوں اور اپنی زندگی میں زینت اس سے حاصل کرتا ہوں

## ◆ کپڑے اتارنے پر یہ پڑھیں

۷۹(بِسْمِ اللهِ الَّذی لا اِلـهَ اِلاّ هُوَ) پر نور دعائیں

❖ ترجمہ: اللہ کے نام سے جس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے

## آئنہ میں دیکھنے کی دعاء

۸۰«اللَّهُمَّ أَحْسَنْتَ خَلْقِي، فَأَحْسِنْ خُلُقِي»

❖ ترجمہ: اے اللہ تو مجھے اچھا بنایا ہے تو تو میرے اخلاق بھی اچھے بنادے

مسند أحمد بن حنبل

## ◆ نکاح کے موقع پر پڑھی جانے والی دعاء

### نکاح کے بعد دلہا یا دلہن کو یہ دعاء دیں

۸۱«بَارَكَ اللَّهُ لَكَ، وَبَارَكَ عَلَيْكَ، وَجَمَعَ بَيْنَكُمَا فِي خَيْرٍ»

❖ ترجمہ: اللہ تعالی تمہارے لیے یہ نکاح مبارک فرمائے اور تم پر برکتیں نازل فرمایئے اور تم دونوں کو خیر و خوبی کے ساتھ اِکھٹا رکھے

سنن أبي داود

◆خیر کی خبر سننے اور بری خبر سے بچنے کی دعاء

٨٢(اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ مِنْ فُجَاءَةِ الْخَيْرِ، وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ فُجَاءَةِ الشَّرّ)

پر نور دعائیں

❖ترجمہ:(اے اللہ میں آپ سے بھلائی کی ناگہانی بات کا سوال کرتا ہوں اور بری ناگہانی بات سے آپ کی پناہ مانگتا ہوں

## بیت الخلاء سے متعلق دعائیں



◆جب بیت الخلاء میں داخل ہو

✪٨٣(اللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بُكَ مِنَ الْخُبْثِ وَالْخَبَائِثِ)

❖ترجمہ:اے اللہ ! میں خبیث شیاطین مردوں اور عورتوں سے آپ کی پناہ چاہتا ہوں

مشكاة المصابيح

✪ ٨٤(اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الرِّجْسِ النَّجَسِ، الْخَبِيثِ الْمُخْبِثِ، الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ )"

❖ترجمہ:اے اللہ میں ناپاک اشیاء گندی چیزوں اور خبائث میں ڈالنے والے مرد شیطان سے پناہ مانگتا ہوں

سنن ابن ماجہ

## ◆ بیت الخلاء سے باہر نکلنے کی دعائیں

✪ ۸۵(غُفْرَانَكَ»الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي أَذْهَبَ عَنِّي الْأَذَى وَعَافَانِي")

❖ ترجمہ: تعریف اس اللہ کی جس نے مجھ سے دور کیا تکلیف کو اور مجھے عافیت بخشی

ابو داود و ابن ماجہ

✪ ۸۶«الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي أَذَاقَنِي لَذَّتَهُ وَأَبْقَى فِيَّ قُوَّتَهُ وَدَفَعَ عَنِّي أَذَاهُ»

❖ ترجمہ: تعریف اس اللہ کی جس نے اس کھانے کی لذت سے آشنا کرایا مجھ میں اس کی قوت کو باقی رکھا اور اس کی تکلیف کو مجھ سے دور کیا

مصنف ابن أبي شيبة

## ◆ کسی بھی مجلس سے اٹھتے وقت یہ دعاء پڑھیں

۸۷(سُبْحَانَكَ اللَّهُمَّ وَبِحَمْدِكَ، أَشْهَدُ أَنْ لاَ إِلَهَ إِلاَّ أَنْتَ، أَسْتَغْفِرُكَ وَأَتُوبُ إِلَيْكَ)

حصن المسلم

❖ ترجمہ: اے اللہ آپ پاک ہیں اور آپ کی تعریف، میں گواہ ہوں کے آپ کے سوا کوئی معبود نہیں مغفرت چاہتا ہوں اور توبہ کرتا ہوں

# ہر مشکل معاملہ کی دعاء

۸۸(اللَّهُمَّ لاَ سَهْلَ إِلاَّ مَا جَعَلْتَهُ سَهْلاً، وَأَنْتَ تَجْعَلُ الْحَزْنَ إِذَا شِئْتَ سَهْلاً) حصن المسلم

❖ترجمہ: اے اللہ ! کوئی آسان نہیں مگر جسے آپ آسان فرمادیں آپ ہی مشکل کو آسان بنادیں جب چاہیں

## جب کسی مریض کو دیکھیں تو پڑھیں

۸۹(الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي عَافَانِي مِمَّا ابْتَلَاكَ بِهِ، وَفَضَّلَنِي، عَلَى كَثِيرٍ مِمَّنْ خَلَقَ تَفْضِيلًا) مشکاۃ المصابیح

❖ترجمہ: تعریف اس اللہ کی جس نے مجھے عافیت دی اس سے جس میں تم کو بتلا کیا اور تمام مخلوق پر فضیلت دی جس کو اس نے پیدا کیا

## جب بازار جائیں تو پڑھیں

۹۰(اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ مِنْ خَيْرِ هَذِهِ السُّوقِ وَأَعُوذُ بِكَ مِنَ الْكُفْرِ وَالْفُسُوقِ)

❖ترجمہ: اے اللہ میں اس بازار کے خیر کا سؤال کرتا ہوں اور کفر اور فسق سے تیری پناہ چاہتا ہوں

الدعاء المسنون

# سونے سے متعلق دعائیں

۹۱«اللَّهُمَّ بِاسْمِكَ أَمُوتُ وَأَحْيَا» مشكاة المصابيح

ترجمہ: اے اللہ میں آپ کے نام سے مرتا ہوں اور آپ کے نام سے زندہ ہوتا ہوں

۹۲«بِاسْمِكَ رَبِّ وَضَعْتُ جَنْبِي، وَبِكَ أَرْفَعُهُ، إِنْ أَمْسَكْتَ نَفْسِي فَاغْفِرْ لَهَا، وَإِنْ أَرْسَلْتَهَا فَاحْفَظْهَا بِمَا تَحْفَظُ بِهِ عِبَادَكَ الصَّالِحِينَ»، حصن حصين

ترجمہ: تیرے ہی نام کے ساتھ میں نے (بستر) پر اپنا پہلو رکھا ہے اور تیرے ہی نام سے اٹھاؤں گا اگر تو میری جان کو روک لے (اور سوتے میں روح قبض کرلے) تو اس کی مغفرت کر اور اگر چھوڑ دے (زندہ بیدار کرے) تو اس کی ایسی ہی حفاظت کر جیسے تو اپنے نیک بندوں کی حفاظت کرتا ہے

۹۳«الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي أَطْعَمَنَا وَسَقَانَا، وَكَفَانَا وَآوَانَا، فَكَمْ مِمَّنْ لَا كَافِيَ لَهُ وَلَا مُؤْوِيَ» حصن حصين

ترجمہ: تعریف اس اللہ کی جس نے ہمیں کھلایا 'پلایا اور ہماری ضرورتوں کو پورا کیا اور ہمیں (رات بسر کرنے کا) ٹھکانا دیا اس لئے کہ کتنے لوگ ہیں جن کی نہ کوئی ضرورتیں پوری کرنے والا ہے اور نہ کوئی ٹھکانا دینا والا



## نیند سے بیدار ہونے پر پڑھیں

٩٤(الْحَمْدُ للهِ الَّذِي أَحْيَانَا بَعْدَ مَا أَمَاتَنَا وَإِلَيْهِ النُّشُورُ")

"تمام تعریف اس اللہ کے لیے جس نے ہم کو موت دینے کے بعد زندہ کیا اور اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے

صحیح البخاري

٩٥(الحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي عَافَانِي فِي جَسَدِي، وَرَدَّ عَلَيَّ رُوحِي وَأَذِنَ لِي بِذِكْرِهِ)

ترمذي

تعریف اس اللہ کی جس نے میرے جسم کو عافیت بخشی اور میری روح کو واپس مجھ میں لوٹادی اور اسکے ذکر کی (دوبارہ) اجازت دی (اپنے ذکر کا پھر سے موقع دیا)



## درودِ شریف

٩٦ «»«اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ كُلَّمَا ذَكَرَهُ الذَّاكِرُوْنَ وَكُلَّمَا غَفَلَ عَنْ ذِكْرِهِ الْغَافِلُوْنَ»

ترجمہ: اے اللہ! حضرت محمد صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ پر اور آپ کی آل پر رحمت نازل فرما جب کبھی ذکر کریں آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ کا ذکر کرنے والے، اور جب کبھی غافل ہوں آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ کے ذکر سے غافل لوگ

أنوار درود وسلام

٩٧(اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ وَعَلَى وَآلِهِ وَاَصْحَابِهِ وَسَلم)

اے اللہ: رحمت نازل فرما حضرت محمد نبیِ امّی ﷺ پر اور آپ کی آل اور اصحاب پر

أسوة رسول اكرم

## سَیِّدُ الْاِسْتِغْفار

٩٨(اَللّٰهُمَّ أَنْتَ رَبِّيْ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ خَلَقْتَنِيْ وَأَنَا عَبْدُکَ وَأَنَا عَلٰى عَهْدِکَ وَوَعْدِکَ مَا اسْتَطَعْتُ أَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ أَبُوْئُ بِنِعْمَتِکَ عَلَيَّ وَأَبُوْئُ بِذَنْبِيْ فَاغْفِرْ لِيْ فَإِنَّهُ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ إِلَّا أَنْتَ)

صحیح البخاري

یا اللہ! تو ہی میرا رب ہے تیرے سوا کوئی معبود نہیں، تو نے مجھے پیدا کیا اور میں تیرا بندہ ہوں، میں تیرے عہد اور وعدہ پر ہوں جہاں تک طاقت رکھتاہوں میں تیری پناہ پکڑتاہوں اپنے اعمال کی بُرائی سے، اور اقرار کرتاہوں اپنے اوپر تیری نعمت کا،اور اقرار کرتاہوں اپنے گناہ کا پس بخش دے مجھے، کیونکہ گناہوں کو آپ کے سوا کوئی نہیں بخشتا

## شیطان کے حملہ سے بچنے کی دعاء

٩٩ {رَبِّ أَعُوذُ بِكَ مِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِينِ , وَأَعُوذُ بِكَ رَبِّ أَنْ يَحْضُرُونِ}

اے میرے رب میں آپ کی پناہ چاہتا ہوں شیاطین کے وسوسوں سے اور پناہ چاہتا ہوں میرے رب کہ شیاطین میرے پاس حاضر ہوں

## جامع ترین دعاء

۱۰۰ (اللَّهُمَّ اِنِّی أَسْأَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا سَأَلَكَ عَبْدُكَ وَرَسُولُكَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا اسْتَعَاذَكَ مِنْهُ عَبْدُكَ وَرَسُولُكَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ)

ترجمہ: یہ اللہ میں آپ سے ان تمام اچھی چیزوں کا سوال کرتا ہوں جو آپ سے آپ کے بندے اور نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے مانگی ہیں اور ان تمام بری چیزوں سے آپ کی پناہ مانگتا ہوں جن سے آپ کے بندے اور نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کی پناہ مانگی ہے　　پر نور دعائیں

تَمَّ بِفَضْلِ اللهِ تعالى وَعَوْنِه

قارئین سے گزارش ہے کہ بندہ کے حق میں دعاء کریں کہ اللہ اس
ادنی سی کاوش کو قبول فرما کر فلاح دارین کا ذریعہ بنائے آمین